Digitized by the Internet Archive in 2010 with funding from

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

वैद्यराज

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

AD 193 A0

گھریلو وید

یا

ویدراج

مصنفہ

پنڈت رام نرائن شرما وید مالک رس رسائن فارمیسی

کا پتہ

رس رسائن فارمیسی دہلی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نہایت ضروری اطلاع

دیسی دوائیوں کے نسخوں میں جو بھی جُز ہوں وہ سب کے سب اصلی اور باوزن ہونے چاہئیں۔ نقلی جُز ملانے سے دوا بیکار ثابت ہوگی۔ ناممکن ہے کہ اگر دوائیوں میں اُن کے اصلی جُز یعنی اصلی دوائیاں شامل ہوں اور وہ تیر بہدف جادو کا اثر نہ دکھائیں لہٰذا ہر نسخہ کی دوا اصلی بخش جگہ سے خرید کریں اور خاصکر قیمتی دوائیاں تو ضرور

اگر

آپ کو اصلی چیزوں کی شناخت نہیں ہے یا اُن کے اصلی مہیا ہونے میں شک و شبہ ہے تو آپ فوراً ہمارے دواخانہ سے منگالیں۔

نیز

اس کتاب کا جو بھی نسخہ آپ خود تیار نہ کرسکیں یا وہ دوا بنی بنائی دیکھنا چاہتے ہیں تو بخوشی طلب کرسکتے ہیں۔

وید راج پنڈت رام نرائن شرما وید مالک رس رسائن فارمیسی دہلی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جڑی بوٹیاں جو ہمارے دواخانہ سے ہر وقت مل سکتی ہیں

نام چیز	قیمت فی سیر	نام چیز	قیمت فی سیر
بیل کی داڑھی	چار للچھ بہ سیر	بدماکھ	۱۲ر فی سیر
اشوک چھال	۱/۴ر فی سیر	بپنگ	۱۲ر "
ارجن چھال	۱/۴ر فی سیر	پاٹھا	۱۲ر "
ارنی	۱/۴ر "	پرسارنی	۱۲ر "
چرچیٹہ	۸ر "	پوکھرمول	۱/۴ر "
اتیس کڑوی	۱/۵ "	تالیس پتر	۱/۴ر "
آک کا دودھ	۱/۲ر "	تگر	۱۴ر "
کھربیٹی	۱/۴ر "	جل نیم	۱/۲ر "
چھال سرنا	۱/۴ر "	کھیر کی چھال	۱/۴ر "
برہمی بوٹی	۱/۴ر "	دشمول کٹا ہوا	۱/۴ر "
برہم ڈانڈی	۱۲ر "	راسنہ	۱/۴ر "
بداری کند	۱/۴ر "	سگند بالا	۱۲ر "
چھال بجے سار	۱/۴ر "	سرپھوکہ	۸ر "
بارھارا	۱۲ر "	لاجونتی	۱/۴ر "
پٹول پتر	۱/۴ر "	میری	۱/۲ر "

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

عرق دستمل	۱۲ر فی سیر	ہینسل بھنبھلی	۸ر فی چھٹانک
عرق گلاب	۸ر ″	ہکڑو مصفی	۸ر ″
عرق بید مشک	۶ر ″	جمالگوٹہ مصفی	عہ ″
″ پودینہ	۵ر ″	دھتورہ	۸ر ″
″ سونف	۴ر ″	نشکرف	عہ ″
″ گاؤزباں	۵ر ″	ست گلو	۱۰ر چھٹانک
″ اجوائن	۴ر ″	ست ملیٹھی	۱۲ر ″
″ الائچی	۵ر ″	جواکھار	۱۰ر ″
روح بید مشک	عہ ″	بجرکھار	۱۲ر ″
روح گلاب	عہ ″	مولی کھار	۱۲ر ″
روح کیوڑہ	۱۲ر ″	کیلا کھار	۱۲ر ″
سرکہ انگوری	عہ ″	زعفران	عہ ″
سرکہ گنا	۱۲ر ″	مشک	۱ عدد تولہ
سرکہ جاہن	عہ ″	اصلی کستوری	۱ عدد ″
پارہ مصفی	عہ چھٹانک	مشک عنبر	للعہ ″
پارہ مشنگرف	عہ ″	مروارید ناسفتہ	للعہ ″
پھلانواں مصفی	۸ر ″	چند بید ستر	۱ عدد ″
مٹھا تیلیا مصفی	۱۲ر ″	شہد	عہ فی سیر

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

فہرست مضامین

نام مضمون		نام مضمون	
ضروری اطلاع		کف	
فہرست مفرد ادویات		شناخت خرابی دست	
فہرست مضامین		" " پت	
مقابلہ ادویات ملکی و غیر ملکی		" " کف	
میان اخلاط	جمع النساء	شناخت نبض	
نام اخلاط		شناخت قارورہ	
خاصیت اخلاط		علامات نیک	
دات		علامات بد	
پت		نسخہ دات روگ	۹
		نسخہ پت روگ	۱۱
		نسخہ کف روگ	۱۴

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نام مضمون		نام مضمون	
نسخہ بخار ہر قسم		نسخہ آتشک	
نسخہ قبض ہر قسم		نسخہ داد	
نسخہ امراض چشم		نسخہ اسہال	
نسخہ امراض گوش		نسخہ سستی	
نسخہ امراض دانت		نسخہ امراض مستورات	
نسخہ کھانسی دمہ		نسخہ امراض بچہ	
نسخہ دست پیچش		نسخہ امراض بقولہ	
نسخہ تلی		نسخہ امراض پیٹ	
نسخہ بواسیر		ہاضمہ	
نسخہ سوزاک		نسخہ مصفی خون	
نسخہ جریان		خواص الادویہ	

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ویدراج

ضروری بات

یہ بات ضروری ہے کہ جو شخص جس زمین کے ذروں و آب و ہوا سے پیدا ہوا ہے۔ اُس کو اُسی سرزمین کے عالموں کی ایجادیں دوسائل تندرستی برتنا اور وہیں کی پیدا ہوئی اشیا وادویہ کا استعمال میں لانا باعث فیض رسانی ثابت ہوگا۔ مثلاً ملک یوروپ سرد ہے تو وہاں کے فلاسفروں اور موجدوں کے جتنے بھی اصول صحت از قسم ادویات وعملیات ہیں وہ تمام تر وہاں کے لوگوں کے مزاج کے مطابق ہیں۔ اور ملک ہند بمقابلہ اس کے گرم ہے اس لئے یہاں کے علماؤ فضلا اور حکما کے صحت و مرض کے متعلق جتنی بھی تجویزیں و نصیحتیں ہیں وہ سب ہی ہندوستانیوں کے مزاج کے موافق ہیں اس لئے اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اہل ہند کے لئے اگر کوئی موثر اور بے ضرر علاج ہو سکتا ہے تو وہ آیوروید یا یونانی حکمت ہے جو کہ ایک مدت دراز سے ہندوستان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کے مزاج کے موافق چلے آتے ہیں۔

جس طرح بھارت ورش کے چودہ ودیا ندھان ویدک آچاریوں نے پرکرتی سے وات۔ پت۔ کف کا جسم انسان میں نمودار ہونا اور اُن کی بداعتدالی سے مرض کا ظہور میں آنا مانا ہے۔ اُسی طرح یونانی عالموں نے عناصر اربعہ سے سودا۔ صفرا۔ بلغم۔ اور خون کا جسم انسان میں وجود پانا اور اُن کے حد اعتدال سے گذر جانے کے باعث بیمار ہو جانا قرار دیا ہے۔ اگر کچھ فرق ہے تو صرف لفظوں کا اور معنی دونوں کے ایک ہی ہیں۔ اور ان دونوں اقسام کے علاجوں کی دوائیاں ایسی بااثر اور بے ضرر ہیں کہ جو صبر و تسکین کے ساتھ استعمال کرنے پر امراض کی بیخکنی کر دیتی ہیں اگر بالفرض محال کسی موقعہ پر معالج یا مریض کی عدم توجہی یا نادانی کے باعث مرض کو دور بھی نہ کریں تو جسم میں کوئی مہلک تغیر و تبدل بھی پیدا نہیں کرتیں اور ساتھ دھرم و ایمان کی بھی محفوظ و مامون رہتا ہے۔

ویدراج پنڈت رام نرائن شرما وید

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ویدرُن

انسان کا جسم

(۱) ہوا (۲) آگ (۳) پانی

جب اِن تین چیزوں سے اُس
پاک پروردگار کا حکم پاکر انسان
کا جسم ہستی قبول کرکے نمُدا طلب کرنے
لگ جاتا ہے۔ تو اُس میں ارکان اربعہ
کی طاقت سے یہ تینوں جوہر پیدا ہونے لگتے ہیں۔ جن کا نام
آیورویدک نے وات۔ پت اور کف رکھا ہے۔ اگر اِن تینوں یعنی
وات۔ پت۔ کف میں سے کوئی ایک دو یا سب کم و زیادہ ہو جاتے ہیں
بس تب ہی آدمی بیمار ہو جاتا ہے۔ اگر یہ تینوں اپنی اصلی حالت پر
قایم رہیں تو انسان تندرست و صحتور رہتا ہے۔ ایسا کوئی مرض نہیں جو
اِن تینوں کی کمی یا زیادتی کے باعث پیدا نہ ہوتا ہو۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تعریف وات

وات یعنی ہوا جسکی خاصیت ہلکی، ٹھنڈی، روکھی، اچنچل، ملائم اور تیز ہے یوں تو انسان کے تمام ہی جسم میں اور ہر وقت گھومتی رہتی ہے۔ لیکن اس کے رہنے کے پانچ مقام خاص ہیں جہاں رہ کر یہ بڑے بڑے کاموں کو انجام دیتی ہے اور ان کاموں کے لحاظ سے اس کے مندرجۂ ذیل پانچ ہی نام رکھے گئے ہیں۔

(۱) اودان وایو (۲) پران وایو (۳) سمان وایو (۴) اپان وایو (۵) ویان وایو۔

(۱) اودان وایو۔ وہ ہے جو گلے میں گھومتی رہتی ہے جسکی طاقت سے انسان بولتا۔ گاتا اور گھنٹوں تک واعظ لیکچر دیتا ہے۔ جب یہ بگڑ جاتی ہے۔ امراض گلہ پیدا کرکے انسان کو بولنے تک سے معذور کر دیتی ہے

(۲) پران وایو۔ وہ ہے جو چھاتی و آلات صدر میں گھومتی رہتی ہے۔ اسکا کام نفس کو قایم رکھنا اور جو کچھ انسان کھاتے پیئے اسکو اندر لے جاکر معدہ میں داخل کرنا اور زندگی کا محافظ بننا ہے اس کے بگڑنے سے ہچکی سواس دمہ وغیرہ بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

(۳) سمان وایو۔ وہ ہے جو معدہ اور ناف میں گھومتی ہے یہ معدہ

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کی حرارت میں مل کر غذا کو ہضم کرتی اور اس سے پیدا ہوئے پیشاب یا خارج وغیرہ فضلوں کو علیحدہ علیحدہ کرتی ہے۔ اسکے بگڑ جانے سے مندرجہ ذیل امراض۔ گلم۔ درد باد گولہ وغیرہ امراض ہو جاتے ہیں۔

(۴) اپان والو۔ وہ ہے جو ناف کے نیچے گدا میں رہتی ہے یہ پاخانہ پیشاب۔ حمل۔ خون حیض وغیرہ کو ان کے خارج ہونے کے وقت پر باہر نکالتی ہے۔ اس کے بگڑ جانے سے امراض مثانہ اور منی سے تعلق رکھنے والی خرابیاں ہوتی ہیں۔

(۵) ویان والو۔ وہ ہے جو سارے جسم میں گھومتی ہے یہ رطوبات کو تمام جسم میں پہنچاتی اور پسینہ میں لاتی ہے۔ چلنا۔ پھرنا اٹھنا بیٹھنا وغیرہ حرکتیں جو بھی انسان کرتا ہے وہ سب اسی ہوا کے ذریعہ عمل میں آتے ہیں۔ اس کے بگڑ جانے سے جسم یا اسکا کوئی عضو کانپنے لگتا ہے۔ ہاتھ راکثر جکڑ کر بیکار ہو جاتا ہے۔ نیز درد وغیرہ دیگر مختلف قسم کی شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔

علامات وات روگ

یعنی وات کی خرابی سے ہونیوالی خرابیوں کی پہچان

بالوں کا چھوٹا جسم کالا غراور غصہ کی جلد ہونا۔ زیادہ بات کرنا

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

طبیعت میں تلوّن مزاجی ہونا۔ تمام جسم یا کسی حصہ کا کانپنا۔ مُنہ۔ گلے اور ہونٹوں میں خشکی رہنا۔ نیند کا نہ آنا۔ چھینک۔ کار مُر کا رہنا۔ سر چھاتی یا تمام جسم کا دُکھنا۔ مُنہ کا ذایقہ بدمزہ اور کسیلا سا رہنا۔ دست کھل کر نہ ہونا۔ پیٹ میں ہلکا ہلکا درد رہنا۔ پنڈلیوں میں سر پھوٹن اور کانوں میں بھن بھنی و جوڑوں اور گھٹنوں میں پھٹنے کا سا درد ہونا۔ پاخانہ۔ پیشاب اور آنکھوں کا رنگ سُرخی مایل ہونا۔ اگر بخار ہو تو اس کا ایک حالت پر نہ رہنا وغیرہ وغیرہ۔

نسخہ وات روگ کی پیدا ہونیوالی تمام بیماریوں کو دور کرنے کا۔ (آیورویدک کا مشہور و معروف نسخہ)

یوگ راج گوگل

سونٹھ۔ پیپل خورد۔ پیپلا مول۔ چیتے کی چھال۔ ہینگ بریان۔ جمود۔ سرسوں۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ رینکا۔ پاڑل۔ اندرجو گج پیپل۔ بابرنگ۔ انیس۔ کلونجی۔ بھارنگی۔ مروڑ پھلی۔ ہلدی۔ دارچینی ایک ایک تولہ۔ ترپھلا آدھ سیر۔ ان سب دوائیوں کو کوٹ کر کپڑے میں چھان

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

لیں اور تین پاؤ بھینسیا گوگل مصفی کو ایک پاؤ پانی میں ملا کر ہلکی آگ سے پکاویں جب گاڑھا ہو جاوے تو مندرجہ بالا کٹی چھنی دوائیاں اس میں ملا کر پتھر کے کھرل میں ڈال کر حسب ضرورت گھی ڈال کر یہاں تک گھوٹیں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جاوے تو ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ کی گولیاں بنالیں ایک گولی صبح اور ایک شام کو تھوڑے پوشیدہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ سواس۔ دمہ۔ کھانسی۔ منداگن۔ بواسیر۔ جریان۔ سنگرہنی۔ آسہال۔ خون فساد۔ بھگندر۔ درد باؤگولہ۔ دردناف۔ مرگی۔ جوڑوں کا درد۔ درد گھٹیا۔ ادھرنگ فالج۔ لقوہ وغیرہ امراض کے دفعیہ کے لئے یوگ راج گوگل سے بہتر اور عمدہ کوئی دوسری دوا ہرگز نہیں ہو سکتی مردوں کی منی کو بڑھانے۔ عورتوں کے رحم میں حمل قرار پانے کی قوت پیدا کرنے کے لئے جادو اثر دوا ہے۔ بڑی بھاری اور انوکھی صفت اس میں یہ ہے کہ کسی قسم کے پرہیز کی کوئی خاص شرط یا ضرورت نہیں ہے۔

تعریف پت

پت یعنی آگ = اس کا مزاج گرم۔ ذائقہ کڑوا۔ کھٹا۔ چرپرا۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

رنگ ہلکا اور خراب ہوجانے پر نیلا۔ ہلکا تیز اور چکنا مانا ہے اس کے رہنے کے بھی پانچ مقام اور پانچ ہی نام ہیں۔

(۱) پاچک پت (۲) رنجک پت (۳) آلوچک پت (۴) ساد ھک پت (۵) بھراجک پت

۱۔ **پاچک پت**:- یہ معدہ اور ناف کے نیچے رہتا ہے جو کہ خوراک کو ہضم کرتا اور اُس کے رس و پیخانہ و پیشاب وغیرہ فضلوں کو اُن کی جگہ لے جاتا ہے۔

۲۔ **پاچک پت**:- یہ جگر اور طحال میں رہتا ہے۔ یہ رس کو معدہ سے جگر میں بھیجتا اور اُس کو رنگ کر خون بناتا ہے۔

۳۔ **آلوچک پت**:- یہ آنکھوں میں رہتا ہے جو ہر ایک رنگ کو محسوس کراتا ہے۔

۴۔ **ساد ھک پت**:- اسکا مقام ہردیہ ہے جو عقل اور روشنی چشم بڑھاتا ہے۔

۵۔ **بھراجک پت**:- اسکا مقام تمام جسم کی جلد یعنی کھال ہے جو جسم میں خوبصورتی پیدا کرتا۔ چندن۔ تیل۔ پانی وغیرہ کو جذب کرتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

علامات پت روگ

یعنی پت کی خرابی سے پیدا ہونیوالی بیماریوں کی پہچان

بالوں کا زردی مایل سنہری رنگ ہونا۔ عقل و ذہن کا تیز ہونا۔ پسینہ کی زیادتی۔ مزاج میں غصہ۔ پاخانہ کا پتلا و پیلا ہونا۔ نیند اچھی طرح نہ آنا۔ گلے۔ منہ۔ ہونٹ۔ ناک کا پکنا۔ منہ کا ذائقہ کڑوا یا تیکھا رہنا۔ بیہوشی کا طاری ہونا۔ پیاس کی زیادتی۔ جسم میں جلن ہونا۔ پیشاب اور آنکھوں کی رنگت کا پیلا ہونا۔ طبیعت کا بھولا ہوا سا رہنا۔ بعض اوقات پیلی اور کڑوی قے ہونا۔ اگر بخار ہو تو بہت ہی زوردار تیز ہونا وغیرہ وغیرہ پت کی خرابیوں سے ہونے والی بیماریوں کی علامت ہے۔

کرامانی تنسخہ امراض پت روگ

سنتوپلادی چٹنی

مصری سوا تولہ۔ بنسلوچن آٹھ تولہ۔ پیپل چھوٹی چار تولہ۔ دانہ الائچی خورد

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai

دونوں دارچینی ایک تولہ۔ ان پانچوں چیزوں کو کوٹ کر کپڑے میں چھان لیں۔ اور چھ چھ ماشہ کی خوراک بنالیں۔ ایک ایک خوراک صبح شام ایک ایک تولہ شہد خالص میں ملا کر استعمال کریں۔ ہاتھ پیر اور جسم کی جلن۔ زبان کی خشکی۔ ناک منہ یا جسم کے کسی راستہ سے خون بہنا وغیرہ پتی کی خرابی سے پیدا ہونے والی ساری بیماریوں کو فایدہ دیتا۔ کھانسی۔ دق۔ منداگن۔ دردپسلی۔ کمی اشتہا و بخار وغیرہ کے لئے یہ خاص طور پر فائدہ مند ہے۔

تعریف کف

کف کا مزاج ٹھنڈا۔ رنگ سفید۔ ذائقہ میٹھا مادہ خراب ہو جانے یا جل جانے پر کھاری۔ وزن بھاری اور ملائی کے مانند چکنا مانا ہے۔ اس کے بھی پانچ ہی مقام اور پانچ ہی نام ہیں۔ (۱) کلیدن کف (۲) اولنین کف (۳) رسن کف (۴) اسٹیھنا کف (۵) سلیشمن کف۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

۱ - کلیدن کف - ناف میں رہتا ہے - یہ خوراک کو بھگو کر اس لائق بناتا ہے کہ پاچک پت اس کو اچھی طرح ہضم کر سکے - اور جسم میں تری پہونچاتا ہے -

۲ - اوکلنین کف - یہ دل میں رہتا ہے - جو آلات صدر کی انجام دہی میں سہارا دیتا اور سر و دونوں کندھوں کی ہڈیوں کو جوڑتا ہے -

۳ - رسن کف - یہ گلے میں رہتا ہے - یہ صرف ذائقہ محسوس کراتا ہے -

۴ - اسٹھن کف - یہ سر میں رہتا ہے - یہ جسم کے تمام اعضاء کو طاقتور خوراک پہونچاتا ہے -

۵ - سلیشمن کف - یہ تمام جوڑوں میں رہتا ہے - اس کا کام تمام جوڑوں کو بخوبی طور پر جوڑنا اور تر و تازہ رکھنا ہے -

ہر قسم کی پیچیدہ و پوشیدہ و ظاہر امراضوں کے علاج و تشخیص کیلئے
منتور ہفت دیا جاتا ہے
وید راج پنڈت رام نراین شرما - دہلی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

علامات کف روگ

یعنی کف کی خرابی سے پیدا ہونیوالی بیماریوں کی پہچان

مزاج میں بُردباری و سنجیدگی اور علم کا ہونا۔ جسم میں قوت و توانائی اور تنومندی کا رکھنا۔ بالوں کا ملایم اور چکنا ہونا وغیرہ کف کا مزاج ہونے کی علامت ہے۔ منہ کا ذائقہ میٹھا۔ پاخانہ پیشاب کا رنگ سفیدی مائل ہونا۔ بدن جکڑا ہوا سا رہنا۔ پیٹ بھرا معلوم ہونا۔ اُبکائی ہونا۔ کف تھوکنا۔ نیند کی زیادتی۔ پاخانہ کم مقدار میں ہونا۔ منہ میں نمک سا گھلا رہنا۔ ناک اور منہ سے لعاب دار رطوبت کا گرنا۔ جسم کا ایسا معلوم دینا جیسا کسی نے بھیگا کپڑا اوڑھا رکھا ہے۔ کھانسی میں سفید چپچپا سا بلغم نکلنا۔ نیز آنکھوں کا رنگ سفید ہونا وغیرہ کف کی خرابی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی علامات ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نایاب نسخہ برائے کف روگ

کف کیتو رس

سینگیا مصفا۔ سہاگہ چوکیہ۔ پیپل چھوٹی ۵ ایک ایک تولہ۔ تینوں کو کوٹ چھان کر ادرک کے عرق میں تین دن برابر کھرل کریں۔ چوتھے روز جب گھوٹتے گھوٹتے گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں اور ایک ایک گولی صبح و شام ادرک یا پان کے عرق میں گھسکر چاٹیں۔ یہ گولیاں اُن تمام بیماریوں کو جو کف کی خرابی سے پیدا ہوں۔ مانند آب حیات ہیں۔ مثلاً آنکھوں میں ہر وقت نیند کا غلبہ رہنا۔ منہ میں صابن سا گھلا رہنا۔ ذائقہ پھیکا پھیکا رہنا۔ منہ یا ناک سے سرد لعاب دار رطوبت کا گرنا۔ پیشاب پاخانہ کا رنگ سفید ہونا۔ ہر وقت سردی سی معلوم ہونا۔ پیشاب کی بار بار حاجت ہونا۔ جسم گرا پڑا سا رہنا۔ قوت حافظہ کا کمزور پڑ جانا۔ بھوک کم لگنا۔ پیچھو طل کا ہر وقت کف سے بھرا رہنا۔ بلغمی کھانسی و بخار وغیرہ کے لئے یہ گولیاں جادو کا اثر رکھتی ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نبض دیکھنا

طبیعت کو یکسو کر کے بڑی آہستگی سے تین یا چار انگلیاں نبض پر رکھکر اور کم از کم بارہ حرکتوں کو محسوس کریں۔

(۱) اگر نبض لمبائی میں چار انگلیوں سے زیادہ چلتی ہو اور اسکی رفتار تیز ہو۔ نیز چھونے میں گرم اور اُسکی حرکت سے انگلیوں کو صدمہ پہنچے تو دلیل حرارت یعنی گرمی کی ہے۔ اگر اسکے خلاف ہو تو سردی کی

نبض کا انگلیوں کے پوروں کی چوڑائی سے زیادہ عرض میں چلنا کثرت رطوبت کی دلیل ہے۔ نبض بھری ہوئی اور پھولی ہوئی دبانے سے ملایم محسوس ہو تو جسم میں خون اور روح کی زیادتی ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

برخلاف اسکے اگر نبض سوکھی خالی دبانے سے سخت معلوم ہو۔
تو خون و روح کی کمی ہے۔
اگر نبض کی رفتار ایک ہی روش پر ہو وہ اچھی ہے
برخلاف اسکے بُری تصوّر کرنی چاہیئے۔
نبض کا ہرن کی مانند چھلانگ مارنا دل ترویج شدید کا
محتاج ہے۔ اگر نبض پانی کی لہروں کی مانند چلے تو جسم میں
رطوبت کی زیادتی ہے۔ چیونٹی کی چال والی نبض خطرناک مرض
کی علامت ہے۔
نبض کا چلتے چلتے کانپنا موت کی علامت ہے۔
دھاگا بٹنے کی مانند نبض کا چلنا بدن کی حالت ردی ظاہر کرتا ہے
اگر نبض کی چال مانند آرہ کے ہو تو کسی جگہ گرم و ورم ہو جانے یا
قوت کے طاقت ور ہو جانے کی علامت ہے۔
مردوں کی نبض عورتوں کی نبض سے طاقتور ہوتی ہے اور
لڑکوں کی نبض ملایم جوانوں کی نبض ہمیشہ طول و عرض و عمیق میں
کچھ زیادتی کا سادم بھرتی ہے۔ اور بوڑھوں و ضعیفوں کی نبض
ہر حالت میں کچھ سست سی چال چلتی معلوم دیگی۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

شناخت قارورہ

یعنی پیشاب کے ذریعہ مریض کے حالات پہچاننے کی آسان ترکیب

کسی صاف پیالے میں صبح کا اول مرتبہ کا پیشاب لیں اور اُسپر ایک بوند روغن کنجد کی آہستگی سے ڈالیں۔ اگر یہ بوند پیشاب پر پھیل جاوے تو یبوست کی خرابی ہے۔ اور اگر بوند پیشاب پر جوں کی توں قایم رہے تو تراوش کی علامت ہے۔ اور اگر پیشاب میں ڈوب جاوے یا بوند میں سوراخ ہوجاوے تو موت کی علامت ہے تیل کی بوند کا پیشاب پر چوڑھا جانا علامت صحتیابی کی اور اسکے خلاف ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا۔ اس امر کی دلیل ہے کہ ابھی بیماری طول پکڑیگی۔ اگر تیل کی بوند مشرق یعنی پورب کی طرف مائل ہو تو علامت صحت ہونے کی۔ اگر مغرب یعنی پچھم کی طرف پر ہو تو مرض کے طول کھینچنے کی علامت ہے۔ اور گرسمال یعنی اُتر اور جنوب یعنی دکھن کی طرف تیل کی بوند کا پیشاب پر اثر کرنا مریض کی بدقسمتی کی شہادت دیتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

علامات نیک

مریض کی قوت کا قایم رہنا اور اُس کے ہوش وحواس وعقل کا نہ بگڑنا نیز غذا سے طبیعت کا رغبت کرنا۔ دوا سے فائدہ اُٹھانا۔ بیچی نیند کا وقت مقررہ پر موجود ہونا وغیرہ علامات نیک اور ظاہر کرتے ہیں کہ مریض کو ضرور اور بہت جلد صحت ہوگی۔

علامات بد

اگر بیمار کے جسم اور بستر پر مکھیاں زیادہ بیٹھیں اور اُسکو روشنی سے نفرت ہو نیز اپنے مُنہ کو اکثر کپڑے سے چھپاوے ناک سے ہوا سرد نکلے۔ دونوں کانوں کی لو ٹیڑھی و ناک کے نتھنے اصلی حالت سے باریک ہو جائیں اور اُسکو بیچینی اور بیقراری اسقدر بڑھ جاے کہ ایک حالت پر قرار نہ ہو تو یہ علامات بہت ہی خراب اور اس امر کے نشانات ہیں کہ موت مریض کے بالیں پر کھڑی ہوئی موقع کا انتظار کر رہی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

تلی کو دور کرنے والی نایاب دوا کا نسخہ

کالا نمک۔ عرق ادرک۔ عرق نیبو۔ عرق گھیکوار۔ سرکہ جامن
ایک ایک پاؤ۔ سہاگہ چوکیا آدھ چھٹانک۔ ایلوا آدھی
چھٹانک۔ سب چیزوں کو کسی چینی یا شیشہ کے برتن میں بند
کرکے دھوپ میں رکھدیں۔ ایک ہفتہ کے بعد استعمال کریں
تلی چند روز کے استعمال سے خود بخود غائب ہو جائے گی۔
تعریف یہ ہے کہ اس دوا کے استعمال سے درد بھی
نہیں ہوتے۔ اور تلی غائب ہو جاتی ہے۔ نیز تلی کی وجہ سے
پیدا ہونے والی تمام خرابیوں کو دور کرکے جسم میں تازہ و
صالح خون کی پیداوار بڑھا کر جسم میں طاقت پیدا کرتی
اور تندرست بناتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

قبض کو دور کرنیوالا حیرت انگیز نسخہ

قبض کشا

بیماریاں اکثر قبض سے پیدا ہوتی ہیں۔ خاصکر جس بیماری میں قبض بھی ہو اُس میں تو ضرور ہی سب سے پہلے ایک خوراک قبض کشا استعمال کر کے بعد میں کوئی اور دوا استعمال کرنی چاہیئے

سنا مکی۔ گل سرخ فصلی۔ پوست ملیلہ زرد۔ پوست بہیڑہ آملہ خشک تین تین تولہ۔ مغز بادام۔ بیدانہ۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ ایک ایک تولہ۔ مغز جمال گوٹہ مصفی تین ماشہ۔

اِن تمام دوائیوں کو کوٹ کر تاروں کی باریک چھلنی میں چھان لیں۔ خورد دو ڈیڑھ ماشہ ایک تولہ گلقند میں ملا کر رات کو سوتے وقت تھوڑے جوشیدہ دودھ کیساتھ استعمال کریں صبح معمولی پاخانہ صاف اور کھل کر ہوگا۔ اگر ممکن ہوا۔ تو ایک دو دست اور بھی ہو جائیں۔ غرضیکہ آنتوں اور معدہ کو مواد فاسدہ سے پاک و صاف کر قبض دائمی و عارضی دونوں کو رفع کر دیتا ہے۔ اِس کے استعمال سے طبیعت نہیں گھبراتی اور دست ہونے سے کمزوری بھی نہیں ہوتی۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہر قسم کے بخاروں کو دور کرنیوالا ایک ہی جادوئی نسخہ

سونٹھ بے ریشہ ۔ گوند ببول ۔ ایک ایک تولہ ۔ ریوند چینی ڈھائی تولہ
تخم دصنورہ پانچ تولہ ۔

ان چاروں چیزوں کو کوٹ کر کپڑ چھن کرلیں اور تھوڑے پانی میں گھوٹ کر مونگ کے برابر گولیاں بنالیں ۔ خوراک ایک گولی سے دو گولی تک چھوٹے بچے کو آدھی گولی سے چوتھائی گولی تک باری آنے سے دو ڈیڑھ گھنٹہ پہلے ایک گھونٹ تازہ پانی کے ساتھ نگل جائیں ۔

یہ گولیاں تہیہ ۔ چوتھیہ ۔ روزانہ سردی بادی و باری کے ساتھ آنے والے بخار و جاڑے کے لئے خاص اور عام ہر قسم کے بخاروں کو دور کرنے والی حیرت انگیز ویدک کی کرامائی گولیاں ہیں ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

کُل امراضِ چشم کے دو کرامتی نسخے

لودھ پٹھانی ۔ پھٹکری سفید ۔ مُروارسنگ ۔ ہلدی ۔ زیرہ سفید ہاربرنگ ۔ کافوردیسی ۔ رسوت آدھی آدھی چھٹانک لیں اور باریک کوٹ کر چھ ماشہ افیون تھوڑے پانی میں گھول کر اُسمیں آمیز کردیں

ترکیب استعمال ۔ ایک پورانے باریک ململ کے کپڑے میں رکھکر پوٹلی بنالیں اور اس پوٹلی کو مٹی کی کوری رکابی یا طشتری میں رکھکر اس میں عرق گلاب یا تازہ پانی بھردیں ۔ جب پوٹلی خوب تر ہو کر ملایم ہوجائے تو آنکھوں پر پھیرنا شروع کریں ۔ اور آنکھوں کو کھولتے بند کرتے رہیں ۔ پوٹلی کو بھگوتے رہیں خشک نہ ہونے پائے ۔ دُکھتی آنکھوں کو چوبیس گھنٹہ میں شرطیہ آرام ہوجاتا ہے ۔ آنکھوں کا درد ۔ ورم ۔ جلن ۔ کڑک تو فوراً ہی رفع ہوجاتی ہیں ۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نسخہ لاجواب
سُرمہ چشتم

دھات سیسہ کو لے کر تر پھلا کے جوشاندہ - گائے کا گھی بھنگرے کا عرق - بکری کا دودھ - کنول کی شاخ کے عرق میں سات سات مرتبہ گرم کرکے بجھاویں - جب ان پانچوں چیزوں میں سات سات مرتبہ کرکے پینتیس مرتبہ بجھا چکیں تو سب کا وزن کرکے آگ پر رکھیں - جب پگلا ہو جائے تو سیسہ کے برابر وزن کا شنگرف سے نکالا ہوا پارہ ملا کر آگ سے نیچے اُتار لیں اور ٹھنڈا کرلیں اور پھر وزن کرکے اس کے برابر وزن کا کالا یا سفید حسب خواہش سُرمہ اور سُرمہ کا چوتھائی حصہ بھیم سینی کافور ملا کر گھوٹیں اور ریشمی کپڑے میں چھان کر استعمال کریں - آنکھ کی تمام خرابیاں دور کرکے روشنی چشتم بڑھاتا اور ہر قسم کی آنکھوں میں ہونیوالی شکایتوں سے محفوظ رکھتا ہے -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نسخہ امراض کان کے مشہور و معروف تیل کا

کرناٹک آئل

مولی کھار۔ جواکھار۔ سجی کھار۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ
بڑھ نمک۔ نمک سمندر۔ بھوج پتر۔ ہینگ اصلی۔ چھال سہجنہ
سونف۔ دیودار۔ سونٹھ۔ رسوت۔ وچ۔ ناگر موتھا
پیلا مول ایک ایک تولہ باریک کوٹ چھان کر تھوڑے
پانی میں گھوٹ کر ٹکیا بنالیں۔ اور اس ٹکی کے وزن کے
برابر وزن کا تلی کا تیل اور تیل سے دوگنا سرکہ ڈال کر
ہلکی آگ سے پکائیں۔ جب ٹکیہ جل کر کالی ہو جائے
اور سرکہ بھی جل جائے۔ صرف تیل ہی تیل باقی رہے۔
آگ سے اتار لیں اور ٹھنڈا کر کے کپڑ چھان کر بوتلوں میں بھر
لیں۔ اس تیل کی چار چار بوندیں کانوں میں ڈالنے سے
کانوں کی تمام شکایتیں دور ہو کر بخوبی سنائی دینے لگتا ہے

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

دانتوں کی ہر ایک تکلیفوں کو دور کرنیوالا جادو اثر منجن

سمندر جھاگ - سنگ جراحت ایک ایک چھٹانک پھٹکری سفید بھنی ہوئی - آدھی چھٹانک - مازو سبز بھنی ہوئی - عقرقرحا دانہ الائچی کلاں - دم لاخوین - کالی مرچ - مصطگی رومی ایک ایک تولہ - ان سب چیزوں کو کوٹ کر باریک کپڑے میں چھان لیں اور اس میں کافور تین ماشہ - پرمنٹ خشک - اجوائن ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ علیحدہ علیحدہ ملا کر استعمال کریں -

دانت - مسوڑھوں کے امراض کے دور کرنے کے لئے اس سے بڑھکر کوئی منجن نہیں جو دانتوں کی صفائی بھی حد درجہ کی کرتا ہے اور منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے - چھٹانک بھر تیل تلی میں ایک تولہ منجن ملا کر آگ پر جلائیں جب منجن جل جائے تیل تیار ہے - ہلتے دانتوں کو جمانے اور درد دانت کے لئے یہ از حد مفید ہے -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

نسخہ کھانسی شوانس دمہ کی کرامتی

گولیاں

ملہٹی چھلی ہوئی آدھی چھٹانک - کاکڑاسنگی - گوند ببول
پوست خشخاش جلی ہوئی جاوتری دو دو تولہ - پیپل خورد -
سہاگہ چوکیا پھٹکنا ہوا - پوست بہیڑہ - مغز تخم کوچ -
کتھہ سفید - لونگ - پوست انار شیریں ایک ایک تولہ -
ان سب چیزوں کو کوٹ کر کپڑچھان کر کے تھوڑا شہد
خالص ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر استعمال کریں -

گولی منہ میں ڈالتے ہی خون خون تو فوراً ہی بند ہو جاتی ہے اور رفتہ رفتہ ہر قسم کی خشک و تر کھانسی - شوانس دمہ جڑ سے دور ہو جاتا ہے -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

ہر قسم کے دست و پیچش کو آناً فاناً میں بند کرنیوالا جادو اثر نسخہ

دانہ خشخاش - کتھہ سفید - مغز کرنجوہ - موچرس - بیل گری - سونف نیم بریاں - پودینہ خشک ایک ایک تولہ ہینگ قسم اول بھنی ہوئی تین ماشہ - افیون تین ماشہ -

ان سب چیزوں کو کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں - خوراک چار چار رتی صبح شام دوپہر - دو تین گھونٹ تازہ پانی کے ساتھ غذا کھچڑی - دلیہ - مونگ کی دال - دہی چاول مناسب ہیں - روٹی سے قطعی پرہیز کرنا چاہیئے -

پیچش - آلوں - خوں - مروڑ ہاتھ کے دست - پانی سے پتلے دست غرضیکہ ہر قسم کے نئے پرانے دستوں کو بند کر دیتی ہے اور بچوں کے ہر پہلے دستوں کے لئے تو بالکل جادو ہی کا اثر ہے - ایک خوراک سے ہی اکثر بند ہو جاتے ہیں -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

بواسیر کے حکمی علاج کا

نسخہ

پوست ہلیلہ کابلی - پوست ہلیلہ زرد - پوست بہیڑہ -
ہلیلہ سیاہ - آملہ خشک - تخم گندنا - تخم ریحاں ایک ایک تولہ
بھنیسیا گوگل ڈھائی تولہ -

علاوہ گوگل کے باقی تمام دوائیوں کو کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں - اور گوگل کو حسب ضرورت لوہاروں کے اُس پانی میں جسمیں وہ لوہا بجھاتے ہیں - آگ پر گرم کرکے گھول لیں اور کپڑے میں چھان لیں - پھر تمام کُٹی چھنی دوائیاں اُس میں ملاکر کھرل میں ڈال کر کھرل کریں - جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائیں - جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور خشک کرلیں - دو دو گولی صبح و شام دو چار گھونٹ تازہ پانی کے ساتھ کھانے سے خونی و بادی دونوں قسم کی بواسیر اور اسکی وجہ سے پیدا ہونیوالی تمام تکلیفیں دور ہو جاتی ہیں -

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

سوزاک کو چوبیس گھنٹہ میں فائدہ کرنے والا نسخہ

برادہ صندل سفید پاؤبھر - کافور دیسی - کتھہ سفید - دانہ الائچی خورد - رال سفید - کباب چینی - پکھان بید - دم الاخوین پھٹکری سفید ایک ایک چھٹانک

تمام چیزیں کوٹ چھان کر ایک سیر گندہ بروزہ میں حل کرکے آتشی شیشی میں بھر کر بطریق پتال جنتر روغن کھینچیں

خوراک :- دس دس بوندیں صبح و شام دو پہر بھوڑی مصری بورہ یا بتاشہ میں ڈال کر تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اور لال مرچ - گڑ - تیل - کھٹائی سے پرہیز کریں - چوبیس گھنٹہ میں فائدہ معلوم دے جائیگا۔

پیشاب کی سوزش - جلن تو پہلی ہی خوراک میں رفع ہو جاتی ہیں اور چند یوم میں سوزاک اور سوزاک کی وجہ سے پیدا ہونیوالی تمام خرابیاں دور ہو جاتی ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

جریان احتلام سرعت انزال کا مکمل علاج

نسخہ

ثعلب مصری پنجہ دار ۔ سپوں اسپغول ۔ طباشیر سفید ۔ دانہ الائچی خورد ۔ دارچینی ۔ مصطگی ۔ کباب چینی ۔ بداری کند ۔ بہمن سفید برگ گاؤزبان ۔ گوند ڈھاک ۔ بہروزہ کاست ۔ بیجبند ۔ ست گلو ۔ مغز تخم املی ۔ گوند سیمل ۔ تال مکھانا ۔ تودری سفید ۔ مویز منس ۔ ست سلاجیت چھ چھ ماشہ ۔ ورق نقرہ تین ماشہ ۔ کہربا شمعی ۔ صدف مرارید شاخ مرجان ۔ بسداگر ۔ تین تین ماشہ ۔

کوٹ پیس کر کپڑ چھان کر لیں ۔ خوراک چھ چھ ماشہ صبح و شام جوشیدہ دودھ کے ساتھ ۔ جریان ۔ احتلام وغیرہ جملہ امراض منی کو دور کرنے دھات کو مضبوط ۔ گاڑھا بنانے کے لئے اس سے بڑھکر اور کوئی نہیں ہو سکتی ۔

ہر قسم کی آیورویدک پیٹنٹ و مجرب ادویات مفرد و مرکب ملنے کا پتہ

رس رسائن فارمیسی ۔ دھلی

CC-0. In Public Domain. Gurukul Kangri Collection, Haridwar

Digitized by Arya Samaj Foundation Chennai and eGangotri

آتشک یعنی گرمی کے بے خطا گولیاں

نسخہ

پوست ہلیلہ زرد - پوست بلیلہ کابلی - ہلیلہ سیاہ - اجوائن دیسی - اجوائن خراسانی - کتھہ سفید - لونگ کلادار - پیلی کوڑی جلی ہوئی - سنگ جراحت - مروارید سنگ - کالی مرچ - دانہ الائچی کلاں - عقرقرحا - گل سپاری ایک ایک تولہ - نیلا تھوتھا بھنا ہوا تین ماشہ -

ان سب دوائیوں کو کوٹ چھان کر لوہے کی کڑھائی میں ڈال کر اُس میں آدھ سیر کاغذی لیموں کا عرق ملا کر نیم کی لکڑی کے اُس سوٹے سے گھوٹیں جس کے مُنہ پر تانبے کا موٹا پیسہ پوست کیا گیا ہو - جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور دھوپ میں رکھکر خشک کرلیں - ایک ایک گولی صبح شام تازہ پانی کے ساتھ دو ہفتہ برابر بلا ناغہ استعمال کریں - گڑ - تیل لال مرچ - کھٹائی اور مونگ کی دال سے قطعی پرہیز کریں - بلا فے دست ہوئے اور بلا مُنہ آئے ہوئے آتشک ہمیشہ کے لئے دور ہو جائے گی -

